کتاب الصلوٰۃ

حنفی نماز مدلل

فرید بک سٹال

اردو بازار لاہور

اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ

كتاب الصّلوٰة

يعنى

حنفى نمازِ مدلّل

مُؤلّفہ

فقیہ اعظم حضرت مولانا ابویوسف محمد شریف صاحب محدّث رحمۃ اللہ علیہ

فرید بک سٹال ۳۸۔ اردو بازار لاہور

ناشر ——— حامد اینڈ کمپنی لاہور

کتاب کا نام ——— نماز مدلل

مؤلف ——— حضرت فقیہہ اعظم مولانا ابو یوسف محمد شریف صاحب محدث کوٹلوی رحمۃ اللہ علیہ

کاتب ——— طالب حسین

مطبع ——— پرنٹرز رٹیگن روڈ لاہور

قیمت ——— /● روپے

تعارف

اس کتاب میں شروع وضوء سے اخیر نماز کے سلام تک ہر ایک فرض واجب، سنّت مستحب کے لیے قرآن کریم، احادیث رسول عظیم صلی اللہ علیہ وسلم سے نہایت پُر زور دلائل لکھے گئے ہیں اور مسئلہ فاتحہ خلف الامام رفع الیدین، آمین بالجہر اور وضع یدین پر مفصل بحث کی گئی ہے اور مسائل مختلفہ میں نہایت تحقیق کے ساتھ مذہب حنفی کو ترجیح دی گئی ہے اور ثابت کیا گیا ہے کہ حنفی مذہب میں جو نماز پڑھنے کا طریقہ ہے یہی طریقہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا۔

قابلِ توجّہ حضرات احناف

حضرت مصنف علیہ الرحمۃ کا لکھا ہُوا دیباچہ

حضرات آپ کو معلوم ہوگا کہ جماعت احناف کس قدر مذہب سے بیخبر ہے۔ نہ عبادت کا پتہ ہے، نہ معاملات کی خبر ہے۔ اس جماعت کے بڑے بڑے سن رسیدہ حضرات نماز کے فرائض، واجبات اور سنن وغیرہ تک نہیں جانتے۔ اِلّا ماشاء اللہ۔ ان کا شغل لایعنی قصہ کہانیوں اور فضول جھگڑوں میں رہنا ہے۔ یہ اپنی حقانیت میں کچھ ایسے مست اور بے خبر ہیں کہ انہیں پتہ نہیں کہ دنیا میں کیا ہو رہا ہے۔ مذاہب باطلہ ترقی پر ہیں اور یہ دن بدن کمزور ہو رہے ہیں۔ وہابی، مرزائی، شیعی، چکڑالوی وغیرہ سب کے سب ہاتھ دھو کر پیچھے پڑے ہیں اور چاہتے ہیں کہ دنیا سے حنفیت کا نام مٹ جائے۔ اسی طرح آریہ، عیسائی تہیّہ کر چکے ہیں کہ اہلِ اسلام کو ہندوستان سے نکال دیا جائے۔ وہ اپنی متفقہ طاقتوں سے زور لگا رہے ہیں۔ اور کامیاب بھی ہو رہے ہیں۔

کیا آپ کو معلوم ہے کہ کیوں حنفی مُسلمان دُوسرے مذاہب میں مل جاتے ہیں۔ اس کی بڑی وجہ یہی ہے کہ یہ جماعت مذہبی علوم سے ناواقف ہے جب کوئی مخالف شبہ ڈالتا ہے، بہ سبب بے علمی کے فوراً شبہ میں پھنس جاتے

ہیں۔ اور یہاں تک بدظن ہو جاتے ہیں کہ اپنے مذہب کے عالم سے اس شبہ کا حل بھی نہیں چاہتے۔ برخلاف اس کے مذاہب باطلہ کا بچّہ بچّہ اپنے مذہب کے دلائل سے واقف اور اس کی اشاعت میں سرگرم ہے۔ مگر ایک یہی جماعت ہے جو اس وقت سب سے پیچھے ہے۔ ہم نے محض دینی خدمت سمجھ کر خالصۃً لوجہ اللہ چند ایسی کتابیں لکھی ہیں۔ جن کے مطالعہ سے یقین ہے کہ برادرانِ احناف اپنے مذہب کے دلائل سے واقف ہو کر کسی مخالف کے دھوکا میں نہ آسکیں گے۔ پس اگر آپ کو اپنے مذہب کی کچھ بھی محبت ہے، تو ان کتابوں کی اشاعت میں حصّہ لیں جن کا کتاب کے آخر میں اشتہار درج ہے تاکہ آپ دوسری نایاب کتابوں سے بھی بہرہ مند ہو سکیں۔

ابو یوسف محمد شریف عفا اللہ عنہ
کوٹلی لوہاراں ضلع سیالکوٹ

السَّنَدُ وَالإجَازَة

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ اِسْنَادُ الْحَمْدِ وَ نِهَايَةُ سَلَاسِلِ الصَّمَدِ صَلِّ عَلٰى حَبْلِكَ الْمُوْصُوْلِ الْمُتَّصِلِ الْغَيْرِ الْمُنْقَطِعِ مُرْسَلِكَ الْمَرْفُوْعِ بِوَصْلِكَ فَوْقَ كُلِّ مُرْتَفِعٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ خَيْرِ اٰل وَصَحْبٍ رُوَاةِ عِلْمِهٖ وَّ حَدِيْثِهٖ طُرُقِ الْوُصُوْلِ اِلٰى سَاحَتِهِ الرَّحْبِ و بَعْدَ فَسَلَامٌ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْفَاضِلُ الْمَوْلَوِيْ اَبَا يُوْسُف محمّد شريف الحنفى الفنجابى السّيالكوتى سَأَلْتَنِىْ الْاِجَازَةَ ظَنًّا مِنْكَ اِنِّيْ اَهْلٌ لِذَالِكَ وَلَسْتُ هُنَالِكَ وَلٰكِنِ الرَّحْمٰنُ يَدَاه مَبْسُوْطَتَانِ فَاَجَزْتُكَ عَلٰى بَرَكَةِ اللّٰهِ وَبَرَكَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَوَّلًا بِالصِّحَاحِ السِّتَّةِ وَمِشْكٰوةِ الْمَصَابِيْحِ وَسَائِرِ كُتُبِ الْحَدِيْثِ الْمُتَدَاوِلَةِ وَ ثَانِيًا بِالسِّلْسِلَةِ الْعَلِيَّةِ الْعَالِيَةِ الْقَادِرِيَّةِ الْبَرَكَاتِيَّةِ وَ وَصِيَّتِىْ لَكَ التَّمَسُّكُ التَّام بِمَذْهَبِ اَهْلِ السُّنَّةِ وَمُجَانَبَةِ اَهْلِ الْبِدَعِ

وَالْفِتْنَۃِ وَصَرْفِ الْعُمْرِ فِی حِمَایَۃِ السُّنَنِ وَ اِعَانَۃِ اَرْبَابِھَا وَ نِکَایَۃِ الْفِتَنِ وَ اِھَانَۃِ اَصْحَابِھَا لَاسِیَّمَا الدِّیَابِنَۃِ فَاِنَّھُمْ الْفَرَاعِنَۃُ وَ اَضَرُّ عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ مِنْ اِبْلِیْسَ اللَّعِیْنِ اَعَاذَنَا اللّٰہُ وَ اِیَّاکَ مِنْ شَرِّھِمْ اَجْمَعِیْنَ فَذَالِکَ اَعْظَمُ الْقُرْبِ وَ اَرْضٰی مَرْضَاۃٍ لِلنَّبِیِّ وَ الرَّبِّ وَ اَنْ لَا تَنْسَانِیْ مِنْ دَعْوَتِکَ الصَّالِحَۃِ الْمُتَوَافِرَۃِ بِالْعُفُوِّ وَ الْعَافِیَۃِ فِی الدِّیْنِ وَ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ وَکَانَ ذَالِکَ لِسِتٍّ بَقِیْنَ مِنَ المحرم الحرام سنۃ الف و ثلٰثمائۃ و ثمان و ثلٰثین من ھجرۃ سیّد الانام عَلَیْہِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ افضل الصَّلٰوۃِ وَالسَّلَام قَالَہٗ بفمہ و امر برقم عبد المصطفٰی احمد رضا القادری البرکاتی البریلوی عفی عنہ بجاہ النّبی الاُمّی صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ و اٰلہٖ و صحبہٖ وَ بارک وسلّم۔ امین۔ مُہر

ابو یوسف محمد شریف

شریعت حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

اور

دین مولانا احمد رضا خاں صاحب

اعلیٰحضرت بریلوی

تالیف

ملک حسن علی بی اے علیگ جامعی

مؤلف تعلیمات مجددیہ و مشاہدۃ التوحید !

ناشر

انجمن اشاعۃ التوحید والسنۃ ○ شرقپور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الم تر الی الذین بدلوا نعمۃ اللہ کفرا واحلوا قومہم دار البوار

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم
شریعت

اور

دین مولانا احمد رضا خان صاحب

— اعلیحضرت بریلوی —

بہ بیں تفاوتِ راہ از کجاست تا بکجا

بریلویت نے اُمتِ محمدیہ کو کیا کیا تحائف بخشے

تالیف
ملک حسن علی بی اے علیگ جامعی
مؤلف تعلیماتِ مجددیہ و مشاہد التوحید!

ناشر
www.KitaboSunnat.com
انجمن اشاعۃ التوحید والسنۃ شرقپور کلاں
(قیمت [illegible] روپے)

ملنے کا پتہ : المکتبۃ السلفیہ شیش محل روڈ۔ لاہور

جناب مولینا احمد رضا خاں کی اپنے شاگردوں کو خاص وصیّت

مولینا احمد رضا خاں صاحب۔ مولوی ابو یوسف کوٹلی لوہاراں کو سند و اجازت میں ارشاد فرماتے ہیں:۔

وصیتی لك التمسك التّام بمذهب اهل السنة ومجانبة اهل البدع والفتنة وصرف العمر فی حمایة السّنن واعانة اربابها ونکالة الفتن واهانة اصحابها لاسیّما الدیابنه فانّهم الفراعنه واضرّ علی المسلمین من ابلیس اللعین اعاذنا الله وایاک من شرّهم اجمعین ۰

ترجمہ:۔ میں (احمد رضا خاںؒ) آپ کو وصیت کرتا ہوں کہ آپ مذہب اہلسنّت پر سختی سے عمل کریں اور اہل بدعت اور اہل فتنہ سے پوری طرح بچ کر رہیں، اور اپنی عمر عزیز کو سنتوں کی اور سنتوں کے عاملین کی حمایت میں اور فتنوں اور فتنوں کے حامیوں کی اہانت اور بربادی میں صرف کریں۔ جس سے بالخصوص دیوبندی مراد ہیں کیونکہ وہ فرعون کی قوم ہے اور ابلیس لعین سے بھی اہل اسلام کے لئے زیادہ ضرر رساں ہیں۔ اللہ ہمیں اور تمہیں سب کو اُن کے ضرر سے محفوظ رکھے۔

(بحوالہ نماز مُدلّل، صفحہ ۲۲۔ مصنفہ مولوی محمد شریف۔ کوٹلی لوہاراں)

(مضمون ھذا۔ بسلسلة صفحہ نمبر ۲۲)